# خدمات برائے اعانت اطفال کے بارے میں اہم معلومات

**اگر آپ کو زبان کے حوالے سے معاونت درکار ہو تو براہ مہربانی اعانت اطفال کے مقامی دفتر تشریف لائیں تاکہ زبان کے ترجمے اور/ یا ترجمانی کی خدمات فراہم کی جا سکیں۔**

## حفاظت کے متعلق خدشات

اگر آپ کو خدشہ ہے کہ اعانت اطفال کی خدمات حاصل کرنا آپ یا آپ کے بچے کو کسی خطرے سے دوچار کر سکتا ہے تو آپ کا اعانت اطفال کے پروگرام کا مقامی دفتر باحفاظت طریقے سے خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ہم پتے کی رازداری کے پروگرام میں سائن اپ کرنے میں آپ کی مدد کر کے اور جو دستاویزات ہم عدالت کو بھیجیں گے ان پر آپ کا پتہ ظاہر ہونے سے روک کر آپ کے پتے کی معلومات کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ نیز ہم آپ کی درخواست پر یا اگر ہمارے علم میں درج ذیل میں سے کچھ آئے تو بھی، موجودہ مقام کی معلومات کسی کے ساتھ نہیں بانٹی جائے دیں گے:

- آپ گھریلو تشدد کی کسی پناہگاہ میں رہ رہے ہیں؛
- آپ کے پاس دیگر فریق سے تحفظ والا کوئی حکم موجود ہے؛
- آپ کے پاس گھریلو تشدد کا ریفرل یا کسی سرکاری یا نجی سروس فراہم کنندہ کی جانب سے کوئی اور تحریری بیان موجود ہے؛ یا
- کسی عدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ دوسرے فریق کے ساتھ رابطہ آپ کے لئے یا بچے کے لئے جسمانی یا جذباتی ضرر کا ممکنہ خطرہ پیدا کر رہا ہے۔
- حفاظت کے متعلق مزید معلومات کے لیے https://childsupport.ny.gov/dcse/accessCssSafely.html ملاحظہ کریں۔

## تعریفیں

**بچہ** – 21 سال سے کم عمر فرد جن کے لیے اعانت طلب کی جا رہی ہے۔

**تحویل کے حامل والدین** – ایسا والد یا والدہ جس پر بچے کی بنیادی دیکھ بھال کی ذمہ داریاں ہیں اور بچہ اس کے ساتھ رہتا ہے۔ مساوی مشترکہ تحویل والے کیسز میں، یہ وہ والد یا والدہ ہیں جو اعانت اطفال حاصل کرنے کے اہل ہیں۔

**سرپرست** – والدین کے علاوہ کوئی نگہداشت کنندہ جن کے پاس 21 سال سے کم عمر کے کم از کم ایک بچے کی جسمانی تحویل ہو۔ اگر بچہ روز مرہ بنیاد پر ان سرپرست کے ساتھ رہتا ہو، تو بچے کی جسمانی تحویل ان سرپرست کے پاس ہے۔

غیر تحویلی والدین – وہ والد یا والدہ جو اعانت اطفال کی ادائیگی کے پابند ہیں۔

**مبینہ والد/والدہ** – وہ فرد جو بچے کے/کی جینیاتی والد/والدہ ہو سکتے/سکتی ہیں لیکن ان کو ابھی قانونی طور پر والد یا والدہ قرار نہیں دیا گیا۔

**عمداً والدین** – کوئی ایسا شخص جو معاونتی افزائش نسل کے نتیجے کے طور پر کسی بچے کا والد یا والدہ بننے کی قانونی ذمہ داری اٹھانے کا ارادہ رکھتا ہو۔

**ادائیگی** – اعانت اطفال وصول ہو جانے کے بعد تحویلی والد یا والدہ کو پیسے بھیجنے کا عمل؛ اعانت اطفال کے وصول شدہ فنڈز ادا کیا جانا۔

## رازداری کا تحفظ

آپ کی معلومات کو قانون کے مطابق خفیہ رکھا جائے گا۔ کچھ ایسے مواقع ہو سکتے ہیں جب آپ کی معلومات کو ریاستی یا وفاقی حکومت کے ساتھ بانٹنے کی ضرورت ہو۔ ہم صرف اتنی معلومات فراہم کریں گے جتنی خدمات کی فراہمی کے لیے یا قانوناً درکار ہوں۔

## اہلیت

ریاست نیویارک میں، دونوں والدین کے لئے تب تک اپنے بچے کی پرورش کرنا لازمی ہے جب تک کہ بچہ 21 سال کا نہ ہو جائے۔ 21 سال سے کم عمر کے کم از کم ایک بچے کی تحویل کے حامل کوئی بھی والد، والدہ یا سرپرست اعانت اطفال کی خدمات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ تحویل نہ رکھنے والے کوئی والد یا والدہ بھی خدمات کے لیے درخواست دے سکتے ہیں تاکہ پروگرام کے ذریعے ادائیگیاں کر کے اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ ادائیگی کا ریکارڈ رہے گا۔ نیز، 21 سال سے کم عمر کا بچہ اعانت اطفال کی خدمات کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

جب آپ ٹمپریری اسسٹنس وصول کرنے کے لیے درخواست دیں گے تو آپ کے اعانت اطفال کے پروگرام کے لیے ریفرل کی بنیاد پر آپ کو اعانت اطفال کی خدمات فراہم کی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ اپنے لیے اور بچے کے لیے Medicaid کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا آپ کے بچے کو فوسٹر نگہداشت میں رکھا گیا ہے تب بھی اعانت اطفال کی خدمات فراہم کی جا سکتی ہیں۔

## اعانت اطفال کو حقوق تفویض کرنا اور ان کے ساتھ تعاون

**اگر آپ بچے کے لیے ٹمپریری اسسٹنس کے یا اپنے لیے اور بچے کے لیے Medicaid کے درخواست دہندہ ہیں، یا اگر آپ کا بچہ ٹائٹل IV-E فوسٹر نگہداشت پر ہے تو** آپ سے درکار ہو گا کہ آپ کو اعانت کے جو حقوق اپنے لیے حاصل ہیں اور خاندان کے جن فرد کے لیے آپ اعانت کی درخواست دے رہے ہیں یا اعانت وصول کر رہے ہیں، ان کے اعانت کے حقوق کو ، سوشل سروسز ڈسٹرکٹ (ڈسٹرکٹ) کو تفویض کر دیں۔ Medicaid کے درخواست کنندگان/وصول کنندگان کے لیے، یہ تفویض صرف طبی اعانت تک محدود ہے۔ ٹمپریری اسسٹنس کے لیے درخواست دیتے یا اس کو وصول کرتے وقت آپ کی جانب سے اعانت کے حقوق کی تفویض اس اعانت تک محدود ہوتی ہے جو اس دورانیے میں واجب الوصول بنے جس میں آپ یا خاندان کا وہ فرد معاونت وصول کریں۔ آپ سے درکار ہے کہ آپ اعانت کے یہ حقوق تفویض کریں اور ماسوائے کہ آپ کے پاس ایسا نہ کرنے کی کوئی معقول وجہ یا گھریلو تشدد بطور وجہ ہو، آپ اعانت اطفال کے پروگرام کے ساتھ ان معاملات میں تعاون کریں؛ والدین میں سے دوسرے فرد کی تلاش؛ بچے کے والد/کی والدہ کا تعین؛ اعانت کے حکم نامے متعین کرنا، ان میں ترمیم کرنا یا ان کی نوک پلک درست کرنا؛ اور اعانت کے حکم نامے وصول کرنا اور ان کو نافذ العمل کرنا۔

اگر آپ بچے کے لیے ٹمپریری اسسٹنس یا اپنے لیے اور بچے کے لیے Medicaid وصول **کر رہے ہیں** تو کوئی معقول وجہ نہ پائی جانے پر یا، اگر اطلاق ہوتا ہو، گھریلو تشدد کے نہ ہوتے ہوئے بھی، تعاون نہ کرنے پر آپ کو تادیبی کاروائی کا سامنا ہو گا۔

## خدمات

حسب ضرورت اعانت اطفال کی مندرجہ ذیل خدمات فراہم کی جاتی ہیں:

- **دیگر فریق کی تلاش** بشمول پتہ جات، ملازمت، آمدنی کے دیگر ذرائع اور اثاثہ جات اور نگہداشت صحت کی کوریج کے بارے میں معلومات حاصل کرنا؛
- **والد یا والدہ کا تعین** کسی بچے کے لیے بذریعہ والنٹری ایکنالجمنٹ پراسس یا کسی عدالتی طریقہ کار کے ذریعے؛
- **اعانت کا حکم نامہ متعین** کیا جانا اور/یا اس میں **ترمیم** بشمول والدین میں سے کسی ایک کی طرف سے بیمہ صحت کی کوریج یا نقد طبی امداد، اگر دستیاب ہو، کا تعین؛
- **اعانت اطفال یا بچے اور شریک حیات کی مشترکہ اعانت کی وصولی** اور **تقسیم** بشمول تعلیمی اخراجات، نگہداشت اطفال کے اخراجات اور نقد طبی امداد؛
- **اعانتی ذمہ داریوں کا نفاذ** بذریعہ تنخواہوں سے کٹوتی، ٹیکس ریفنڈ سے کٹوتی؛ اثاثوں اور لاٹری میں جیتی ہوئی رقوم کی ضبطی؛ کریڈٹ بیورو رپورٹنگ؛ غیر تحویلی والدین کے ریاست نیو یارک کے ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی؛ اور خلاف ورزی کی پیٹیشنز دائر کرنا اور قانونی چارہ جوئی اور وصولی کے لیے نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ٹیکسیشن اینڈ فنانس کو ریفرل۔

مندرجہ بالا تمام سروسز ان والدین کو بھی فراہم کی جاتی ہیں جو دیگر کاؤنٹیوں، ریاستوں، اور بعض ممالک میں رہتے ہیں۔

## اعانت اطفال کی ذمہ داریاں

بنیادی اعانت اطفال ذمہ داری میں فیصد کی بنیاد پر ذمہ داری، صحت بیمہ کوریج اور/ یا نقد طبی امداد، بچوں کی دیکھ بھال کے اخراجات، اور بچوں کے تعلیمی اخراجات شامل ہیں، اگر وہ عدالت نے طے کیے ہوں۔ (فیملی کورٹ ایکٹ 413 § اور گھریلو تعلقات کا قانون 240 §).

شرح فیصد والی رہنما ہدایات کو 163,000$ تک والدین کی مشترکہ آمدنی پر لاگو کیا جاتا ہے۔ 163,000$ سے زیادہ پر عدالت فیصلہ کرے گی کہ آیا شرح فیصد والی رہنما ہدایات کو استعمال کیا جائے یا نہیں۔ عدالت فیملی کورٹ ایکٹ (f)(1)413 § اور گھریلو تعلقات کے قانون (f)(1-b)240 § میں بیان کردہ عوامل کی بنیاد پر فیصد پر مبنی ذمہ داری سے انحراف کر سکتی ہے۔

**اعانت اطفال کی شرحیں**

| | |
|---|---|
| 1 بچہ | 17% |
| 2 بچے | 25% |
| 3 بچے | 29% |
| 4 بچے | 31% |
| 5 یا اس سے زائد | کم از کم 35% |

**کم آمدنی والی ذمہ داری**: اگر غیر تحویلی والد یا والدہ کی آمدنی غربت کی وفاقی سطح سے نیچے ہو تو معاونت کی رقم کو 25$ ماہانہ تک محدود کیا جا سکتا ہے۔ جب آمدنی، سیلف سپورٹ ریزرو (غربت کی وفاقی سطح کا 135%) سے کم لیکن غربت کی وفاقی سطح سے زیادہ ہو تو معاونت کی رقم کو 50$ ماہانہ تک محدود کیا جا سکتا ہے۔

**زندگی گزارنے کی لاگت ایڈجسٹمنٹ (COLA)**: ایک حکم نامہ COLA کے لیے تب اہل ہو گا جب وہ کم از کم دو (2) سال پرانا ہو اور حکم نامہ جاری ہونے، اس میں آخری مرتبہ ترمیم یا ایڈجسٹمنٹ کیے جانے کے بعد سے CPI-U میں اوسط سالانہ فیصد تبدیلیوں کا مجموعہ دس (10) فیصد کے برابر یا اس سے زیادہ ہو۔ ہر دو سال بعد آپ کے اکاؤنٹ کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ آیا آپ کا آرڈر COLA کے لئے اہل ہے یا نہیں۔ جب کوئی حکم نامہ COLA کے لیے اہل ہو تو دونوں فریقوں کو ایک نوٹس بھیجا جاتا ہے۔ COLA ایڈجسٹمنٹس عدالت میں جائے بغیر کی جاتی ہیں۔

**احکامات میں ترمیم کرنا**: اگر ضرورت ہو، تو چائلڈ سپورٹ پروگرام آپ کے آرڈر آف سپورٹ میں ترمیم کرنے کے لئے درخواست دائر کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ دونوں فریقین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حالات میں قابل قدر تبدیلی، تین سال کا وقت گزر جانے یا والدین میں سے کسی کی آمدنی میں 15% یا زائد تبدیلی کی بنیاد پر اعانت کے حکم نامے میں ترمیم کا مطالبہ کریں۔

**قانونی کارروائیوں کے بارے میں معلومات کے حقوق**: آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو کسی بھی عدالتی کارروائی کے وقت، تاریخ اور مقام سے آگاہ کیا جائے۔ آپ کو کسی بھی ایسے حکم کی کاپی فراہم کی جائے گی جو کسی آرڈر آف سپورٹ کو قائم کرنے، اس میں ترمیم کرنے، اسے ایڈجسٹ کرنے، یا اسے نافذ کرنے کے بارے میں ہو، یا پٹیشن کو ڈس مس کرنے کا کوئی حکم ہو۔

## ادائیگیوں کی تقسیم

اعانتی ادائیگیاں وفاقی اور ریاست نیویارک کے تقسیمی قوانین کے مطابق تقسیم کی جاتی ہیں۔

- **اگر تحویلی والد یا والدہ نے کبھی بھی ٹمپریری اسسٹنس حاصل نہیں کی**، تو انہیں تمام وصول شدہ اور واجب الادا مالی اعانت ملے گی، ماسوائے سالانہ سروس فیس اور قانونی خدمات کے اخراجات کی وصولی، اگر قابل اطلاق ہو۔
- **اگر تحویلی والد یا والدہ ٹمپریری اسسٹنس وصول کر رہے ہوں** تو اعانت اطفال کے تحت حاصل کی گئی وصولیاں ریاست اور ڈسٹرکٹ کو ادا کی جائیں گی تاکہ جتنی رقم تحویلی والد یا والدہ کو ادا کی گئی ہے اس کے برابر رقم تک کی ان کو واپس ادائیگی ہو جائے۔ تحویلی والد یا والدہ کو اعانت اطفال کی ایک "پاس تھرو" ادائیگی ہر مہینے وصول ہونے والی موجودہ اعانت میں سے ادا کی جائے گی جو کہ ادا کی جانے والی ٹمپریری اسسٹنس کے علاوہ ہو گی۔ پاس تھرو موجودہ طور پر وصول ہونے والی اعانت میں 100$ ماہانہ تک کی ایک رقم یا اعانت کی موجودہ آبلیگیشن تک کی رقم ہے، ان میں سے جو بھی کم ہو، جو کہ ایسے گھرانے کے لیے ہے جہاں 21 سال سے کم عمر کا ایک فرد موجودہ طور پر ٹمپریری اسسٹنس کیس پر ہو۔ خاندان کو ادا ہونے والی پاس تھرو بڑھ کر موجودہ طور پر وصول ہونے والی اعانت میں 200$ ماہانہ تک کی ایک رقم یا اعانت کی موجودہ آبلیگیشن تک کی رقم ہے، ان میں سے جو بھی کم ہو، جو کہ ایسے گھرانوں کے لیے ہے جہاں 21 سال سے کم عمر کے دو یا دو سے زائد افراد موجودہ طور پر ٹمپریری اسسٹنس کیس پر ہوں۔ تحویلی والد یا والدہ کو اس تمام اعانت کی ادائیگی کی جائے گی جو تحویلی والد یا والدہ کو ادا شدہ کل ٹمپریری اسسٹنس کی واپس ادائیگی کے بعد وصول ہو گی۔
- **اگر تحویلی والد یا والدہ نے پہلے کبھی ٹمپریری اسسٹنس حاصل کی تھی** تو حاصل ہونے والی اعانت اطفال کی وصولیوں کو پہلے موجودہ اعانت کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا، اس کے بعد تحویلی والدین کو واجب الادا اعانت کے بقایا جات/ماضی کی واجب الادا اعانت کی ادائیگی کے لیے اور پھر ڈسٹرکٹ کو بقایا جات/ماضی کی بقایا اعانت کی ادائیگی کیے جانے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ فیڈرل ٹیکس ریفنڈ آف سیٹ سے حاصل ہونے والی وصولیوں کو پہلے ڈسٹرکٹ کے کسی بھی اعانتی بقایا جات/ماضی کی اعانت کی ادائیگی کے لیے ادا کیا جائے گا اور پھر تحویلی والدین کو واجب الادا بقایا جات/ماضی کی اعانت کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔
- **اگر تحویلی والد یا والدہ کو Medicaid وصول ہو رہی ہو** تو طبی اعانت کی ادائیگیاں ریاست اور ڈسٹرکٹ کو کی جائیں گی تاکہ Medicaid کی جتنی رقم فراہم کنندہ کو ادا کی گئی ہے اس جتنی رقم تک کی ان کو واپس ادائیگی ہو جائے۔
- اگر بچے کو فوسٹر نگہداشت وصول ہو رہی ہو تو وصول ہونے والی اعانت ڈسٹرکٹ کو ادا کی جائے گی۔ فوسٹر نگہداشت کے اخراجات کی ادا کردہ رقوم سے زائد وصول ہونے والی تمام اعانت بچے کے تقرر اور فوسٹر نگہداشت کی نگرانی کرنے والے ڈسٹرکٹ کو ادا کی جائے گی تاکہ وہ اس کو اس طریقے سے استعمال کریں جو ان کی رائے میں بچے کے بہترین مفاد میں ہو۔

## زائد ادائیگیوں کی واپسی

اعانت اطفال پروگرام آپ کی طرف سے چائلڈ سپورٹ کی ادائیگیاں جمع کرتا ہے اور انہیں آپ کو بھیجتا ہے۔ شاذ و نادر مواقع پر، زائد ادائیگی ہو سکتی ہے۔ اگر زائد ادائیگی ہو جائے تو آپ یہ فنڈز واپس کرنے یا ان کی واپس ادائیگی کے ذمہ دار ہوں گے۔

## قانونی خدمات اور قانونی خدمات کے اخراجات کی وصولی

جو درخواست دہندگان ٹمپریری اسسٹنس یا Medicaid نہ وصول کر رہے ہوں وہ قانونی خدمات کی ادائیگیوں کی واپس وصولی کے حق کا معاہدہ نامہ (LDSS-4920) مکمل کر کے والد/والدہ کے تعین یا اعانت اطفال کے کسی حکم نامے کے تعین، اس میں ترمیم کرنے یا اسے نافذ کرنے کے لیے قانونی خدمات کی درخواست کرسکتے ہیں اور ان کے لیے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ تحویل یا حق ملاقات، قائم مقامی کے معاہدے طے کرنے یا ان کا مسودہ تیار کرنے جیسے معاملات کے لیے قانونی خدمات فراہم **نہیں** کی جاتیں۔

آپ کے کیس کے لیے مقرر کردہ اٹارنی، ڈسٹرکٹ کے کمشنر کے قانونی نمائندہ ہیں اور **یہ آپ کی ذاتی نمائندگی نہیں کرتے**۔ آپ کی جانب سے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے اٹارنی یا عملے کو فراہم کردہ معلومات **ممکنہ طور پر خفیہ نہیں رہ سکیں گی**۔

## سالانہ سروس فیس

$35 کی ایک سالانہ سروس فیس اس صورت میں لاگو ہو گی اگر آپ نے کبھی بھی ٹمپریری اسسٹنس فار نیڈی فیملیز (Temporary Assistance for Needy Families, TANF) وصول نہ کی ہو اور اعانت اطفال کا پروگرام اُس وفاقی مالی سال (جو ہر سال 1 اکتوبر کو شروع ہوتا ہے) کے دوران آپ کے لیے کم از کم $550 وصول کرے۔

## کسٹمر سروس

آپ اعانت اطفال کے ساتھ ساتھ ادائیگی اور اکاؤنٹ کی معلومات کے بارے میں مزید معلومات childsupport.ny.gov سے آن لائن یا نیو یارک اسٹیٹ چائلڈ سپورٹ ہیلپ لائن کو **888-208-4485 (TTY: 866-875-9975 – ریلے سروس** https://www.fcc.gov/general/internet-based-trs-providers) پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنا آن لائن چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ سیٹ کرنے کے لئے ذاتی شناختی نمبر (PIN) لازمی ہے۔ جب آپ کا چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ مرتب ہو جائے گا تو آپ کو بذریعہ میل ایک PIN ملے گا۔

## عدم امتیاز کا نوٹس

ریاست نیو یارک کی جانب سے نسل، رنگ، قومیت، معذوری، عمر، جنس اور بعض معاملات میں مذہب یا سیاسی عقائد کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی ممانعت ہے۔ ریاست نیویارک اضافی طور پر صنفی شناخت، خواجہ سرا والی حیثیت، صنفی بے مرادی، جنسی رجحان، ازدواجی حیثیت، گھریلو تشدد کے شکار والی حیثیت، حمل سے متعلقہ علامات، سابقہ جینیاتی خصوصیات، ماضی میں گرفتاری یا سزا کا ریکارڈ، خاندانی حیثیت، اور غیر قانونی امتیازی سلوک کی مخالفت کرنے پر انتقامی کارروائی کی بنیاد پر امتیازی سلوک کی بھی ممانعت کرتی ہے۔ امتیازی سلوک کی شکایت دائر کرنے کے طریقوں کے متعلق مزید معلومات کے لئے، براہ کرم childsupport.ny.gov ملاحظہ کریں۔